Sheffield Teaching Hospitals NHS
NHS Foundation Trust

مُنہ کے اندر کی جِلد سوج کر موٹی ہو جانا

Oral submucous fibrosis (Urdu)

مریضوں کے لیے معلومات

چارلس کلیفرڈ دانتوں کا اسپتال

In hospital and in the community

proud to make a difference

مُنہہ کے اندر کا submucous fibrosis کیا ہوتا ہے؟

یہ ایک دیرپا طبی مسئلہ ہے جس کی وجہ سے مُنہہ کا اندرونی حصہ متاثر ہوتا ہے۔ اس مسئلے کی وجہ سے مُنہہ کے اندر کی جِلد پر سوجن آجاتی ہے اور وہ آہستہ آہستہ موٹی ہونے لگتی ہے ۔ چونکہ سُپاری پان کا اہم حصہ ہوتی ہے اس لیے سُپاری چبانے سے یہ مسئلہ پیدا ہوتا ہے اور یہ ایک ایسا مسئلہ ہے جس کی وجہ سے مُنہہ کے اندر کینسر ہوجانے کا امکان زیادہ بڑھ جاتاہے ۔

اس سے کون متاثر ہو سکتا ہے؟

اس بیماری سے ہر وہ شخص متاثر ہو سکتا ہے جو باقاعدگی سے پان کھاتا ہے ۔ ثقافتی وجوہات کی بنا پر پان کھانے کی عادت ایشین پس منظر کے لوگوں میں زیادہ پائی جاتی ہے ۔ یہ مسئلہ مرد اور خواتین دونوں کو ہوسکتا ہے اور زیادہ تر ادھیڑ عمر کے لوگوں میں پایا جاتا ہے لیکن نو عمر لوگ بھی اس سے متاثر ہو سکتے ہیں ۔

مجھ میں کس قسم کی علامات ظاہر ہو سکتی ہیں ؟

کچھ مریضوں میں کسی بھی قسم کی علامات ایکدم ظاہر نہ ہو کر بتدریج ظاہر ہو سکتی ہیں ۔ مُنہہ کےاندر کی جِلد کواگر کھینچا جائے وہ زردی مائل ہو سکتی ہے (تصویر نمبر 1) ۔

پان چپانے سے پیدا ہونے والے کیمیکلز کی وجہ سے دانت اور مسوڑوں کا رنگ اکثر بدل جاتا ہے (تصویر نمبر 2) ۔

بیماری جب بڑھ جاتی ہے تو مُنہہ کے اندر کی جِلد سفید اور / یا لال دکھائی دے سکتی ہے اور وہ زیادہ سخت ہو جاتی ہے ۔ مُنہہ کے اندر کافی تکلیف پیدا ہوجانے کا امکان بھی رہتا ہے ۔ بہت سے مریض اپنا مُنہہ پوری طرح نہیں کھول پاتے (تصویر نمبر 1) اور کچھ مریضوں کو زبان ہلانے کی مشکلات بھی پیش آسکتی ہیں ۔ زیادہ سنگین حالتوں میں نگلنے کی مشکلات بھی دیکھی گئی ہیں اور جِلد کے اندرونی حصوں کے خلیوں میں نقصان پہنچنے کی وجہ سے کچھ لوگوں کو بہرا پن بھی ہو سکتا ہے ۔

تصویر نمبر 1 : مُنہہ کی اندرونی جِلد زیادہ پیلی ہو گئی ہے اور مُنہہ پوری طرح نہیں کُھل پا رہا ہے

تصویر نمبر 2 : سُپاری اور پان کھانے سے دانتوں پر دھبے پڑ گئے ہیں

اس کی کیا وجہ ہے؟

پان چپانےسے 'ارے کولین' (arecoline) جیسے کیمیکلز پیدا ہونے کی وجہ سے خلیے موٹے ہو جاتے ہیں ۔ اس کی وجہ سے مُنہہ کے اندر کی جِلد موٹی ہوجاتی ہے، اُس پر زخم پیدا ہوجاتے ہیں اور کھال میں تناؤ پیدا ہو جاتا ہے ۔ سُپاری کینسر پیدا کرنے والی چیز ہے جس کی وجہ سے مُنہہ کے اندر کینسر پیدا ہو سکتا ہے ۔

اس کی تشخیص کیسے کی جاتی ہے؟

تشخیص کرنے کے لیے ہم آپ سے پان چپانے کی عادت اورآپ کی علامات کے بارے میں پوچھیں گے ۔ ہم یہ بھی معائنہ کریں گے کہ آپ کے مُنہہ کی اندر کی جِلد کیسی دکھائی دیتی ہے ۔

تشخیص کی تصدیق کے لیے ہم آپ کی بایوپسی کریں گے جس میں مُنہہ کے اندر کی کھال کے خلیوں کا نمونہ لے کر مائیکرو اسکوپ سے اُس کی جانچ کی جاتی ہے۔

یہ دیکھنے کے لیے کہ مُنہہ کے اندر کی سوجن کسی اور وجہ سے تو نہیں ہے، کبھی کبھار خون کا نمونہ بھی لیا جاتا ہے ۔

اس کا علاج کیسے کیا جاتا ہے؟

پان چپانا صحت کے لیے ایک بڑا خطرہ ہے، اس لیے اس عادت کو چھوڑنا لازمی ہوگا ۔ ایک باریہ بیماری ہو جائے تو اس سے ہونے والےنقصانات کو ختم کرنا بہت مشکل ہی نہیں ہوتا بلکہ اس میں اضافہ بھی ہو سکتا ہے ۔

مُنہہ ٹھیک سے کھولنے کے لیے فزیو تھیراپی اور مُنہہ کھولنے کی ورزشیں کرنے سے مدد مل سکتی ہے ۔

سوجن کم کرنے اور جِلد کو مزید موٹا ہونے سے روکنے کےلیے کچھ کیسوں میں ہم دوائیں دے سکتے ہیں لیکن اس قسم کا علاج کارگر ہونے کے شواہد بہت کم ہیں ۔ مُنہہ کے اندرکی اچھی صاف صفائی نہایت ضروری ہوتی ہے ۔

زیادہ سنگین کیسوں میں سرجری کی ضرورت پڑ سکتی ہے تاکہ مریض اپنا مُنہہ کھول سکے ۔

کیا اس سے کینسر ہوگا ؟

مُنہہ کے اندر کی جِلد پر سوجن آجانے اور جِلد موٹی ہوجانے کا یہ مطلب نہیں ہے کہ آپ کو کینسر ہو گیا ہے لیکن ایسا ہونے سے کینسر کا امکان بڑھ جاتا ہے ۔

اس لیے باقاعدگی سے اس کا معائنہ کراتے رہنا چاہئیے تاکہ یہ دیکھا جا سکے کہ مُنہہ کے اندر کیا کیا تبدیلیاں پیدا ہو رہی ہیں ۔

معلومات کے دیگر وسائل ؟

مندرجہ ذیل مواد سے مزید معلومات حاصل کی جا سکتی ہے ۔ اس مواد میں کتابوں اور اُن کے مصنفوں کے نام دیے گئے ہیں اور کتابیں شائع کرنے والے ناشروں کی تفصیل بھی دی گئی ہے :

- Verma, S. Ali, F. Patil, K. **Oral submucous fibrosis: an update.** Clin Cosmet Investig Dermatol, 2015;8:193-204.
- Prabhu R. etal. **Areca nut and its role in oral submucous fibrosis.** J Clin Exp Dent. 2014;6:569-75.
- Tilakaratne, WM. Klinikowski, MF. Saku, T. **Oral submucous fibrosis: review on aetiology and pathogenesis.** Oral Oncol. 2006;42:561-8.
- Trivedy C. Craig, G. Warnakulasuriya, S. **The oral health consequences of chewing areca nut.** Addiction Biology. 2002;7:115-125.

مصنفین : Dr Thomas Howe DCT، Mr Kevin Ryan StR اور کنسلٹنٹ Dr Anne Hegarty اورل میڈیسن ڈیپارٹمنٹ، سی سی ڈی ایچ، شیفیلڈ۔

یہ کتابچہ شیفیلڈ ہاسپٹل چیریٹی کی مدد سے شائع کیا گیا۔ یہ
چیریٹی مریضوں اوران کے کنبوں کی زندگی کو بہتربنانے میں
مالی مدد دینے کی بھرپور کوشش کرتی ہے

اس کام کو مزید آگے بڑھانے کے لیے برائے مہربانی عطیات دیں

www.sheffieldhospitalscharity.org.uk رجسٹرڈ چیریٹی نمبر No 1059043

organdonation.nhs.uk

درخواست پر یہ دستاویز متبادل فارمیٹس میں بھی فراہم کی جا سکتی ہے۔

برائے مہربانی ای میل بھیجیں: **alternativeformats@sth.nhs.uk**

کاپی رائٹ **© Sheffield Teaching Hospitals NHS Foundation Trust 2021**

اس دستاویز کے سب یا جزوی حصوں کو دوبارہ شائع کرنا کاپی رائٹ کے اصولوں اور "Re-use of Public Sector Information Regulations 2005" کے تحت ہے۔ SI 2005 No.1515 - دوبارہ شائع کرنے سے متعلق معلومات اس پتے سے حاصل کی جا سکتی ہے:
The Information Governance Department, Sheffield Teaching Hospitals. ای میل: infogov@sth.nhs.uk

جاری کرنے کی تاریخ: نومبر 2021، نظرثانی کی تاریخ: نومبر 2024
Issue date: May 2021 Review date: May 2024

PD8661-PIL3626 v3